# ماڈل پیپر سائنس گریڈ 5

## عمومی ہدایات

1) طلباء و طالبات سے گزارش ہے کہ معروضی سوالات کے لیے دی گئی کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ (وہ شیٹ جس پر سٹوڈنٹ معروضی سوالات کے صحیح جوابات پر نشان لگاتا ہے) پر **اپنا رول نمبر ہندسوں** میں ضرور لکھیں ورنہ کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کے نمبر ٹرانسفر نہیں ہو سکیں گے۔

2) تمام سوالات کے جوابات دینا ضروری ہیں۔ جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھ لیجیے۔

3) **کسی سٹوڈنٹ کو امتحانی پرچہ کمرہ امتحان سے باہر لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔**

4) **حصہ الف (معروضی سوالات)** کے لیے کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ میں متعلقہ سوال کے سامنے دیئے گئے ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب کے خانہ میں سیاہ بال پوائنٹ سے نمایاں طور پر یہ نشان ☑ لگائیں۔ نشان خانے کے اندر ہی رہنا چاہیئے۔ اگر ایک نشان دو خانوں کو چھوئے گا یا ایک سے زیادہ خانوں پر علیحدہ علیحدہ نشان لگے ہوں گے یا دو خانوں کے درمیان نشان لگا ہو گا تو اس صورت میں کمپیوٹر میں سٹوڈنٹ کا صفر نمبر شمار ہو گا۔

5) کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ پر **انشائیہ طرز کے سوالات** کے سامنے بنے ہوئے خانوں میں **سٹوڈنٹ نے بالکل کچھ نہیں لکھنا نہ کوئی نشان لگانا** ہے۔ ٹیچر نمبر لگا کر ان کے مطابق ان خانوں میں خود نشان لگائیں گے۔ معروضی سوال کی مثال درج ذیل ہے۔

مثال: 1۔ ہمارے جسم میں حسی اعضا کی تعداد کتنی ہے؟

(a) دو (b) چار (c) پانچ (d) چھ

جواب دینے کا صحیح طریقہ:

| Q.1 | (a) | (b) | (c) | (d) |
|---|---|---|---|---|
| | ☐ | ☐ | ☑ | ☐ |

## **حصہ الف** (کثیر الانتخابی سوالات)

**وقت: 1 گھنٹہ**

**ہدایت:۔ اس حصہ میں 30 کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں ہر سوال کے نمبر برابر ہیں اور ہر سوال کا جواب دینا لازمی ہے۔ صحیح جواب کا نشان کمپیوٹرائزڈ جوابی شیٹ پر لگانا ضروری ہے۔**


**سوال نمبر 1- ہمارے جسم میں پانی کی فی صد مقدار ہے۔**

(a) 30 % (b) 50 % (c) 70 % (d) 90 %


**سوال نمبر 2- آپ کے باغ میں کینو کے کئی قسموں کے پودے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک پودے کے کینو میٹھے ہیں۔ کینوں کے تمام پودوں سے میٹھے کینو حاصل کرنے کے لیے درج ذیل میں سے آپ کون سا طریقہ استعمال کریں گے۔**

(a) کٹنگ (b) گرافٹنگ (c) لیئرنگ (d) بیج بونا


**سوال نمبر 3- مندرجہ ذیل میں سے کون سی تصویر ہموار سطح سے روشنی کے انعکاس کے قانون کو ظاہر کرتی ہے۔**





(a)




(b)




(c)




(d)

**سوال نمبر 4- بچوں کو کن بیماریوں سے بچاؤ کے لیے ویکسین دی جاتی ہیں۔**

(a) بخار اور پولیو (b) ملیریا اور تشنج (c) خسرہ اور ٹائیفائیڈ (d) کالی کھانسی اور یرقان

سوال نمبر 5- چاندوں کی تعداد کے بڑھنے کے لحاظ سے سیاروں کی صحیح ترتیب ہے۔

(a) جیوپیٹر، مرکری، پلوٹو
(b) جیوپیٹر، پلوٹو، مرکری
(c) مرکری، جیوپیٹر، پلوٹو
(d) مرکری، پلوٹو، جیوپیٹر

سوال نمبر 6- کس چیز کے زیادہ استعمال سے پولیوشن (آلودگی) بڑھتی ہے؟

(a) فوسلز فیول
(b) ہائیڈل پاور
(c) شمسی توانائی
(d) ری سائیکلڈ میٹریل

سوال نمبر 7- پولیوشن شدہ پانی پینے کی وجہ سے بیماری ہو سکتی ہے۔

(a) ہیضہ
(b) آنکھوں کا دُکھنا
(c) ملیریا
(d) کینسر

سوال نمبر 8- اگر ایک جاندار پچھلے پچاس سال سے زندہ دکھائی نہ دے رہا ہو تو اس کو کہتے ہیں۔

(a) ڈائنو سارس
(b) انڈینجرڈ
(c) ناپید
(d) فوسل

سوال نمبر 9- اُبلے ہوئے انڈے کی تبدیلی کہلاتی ہے۔

(a) کیمیائی
(b) قدرتی
(c) طبعی
(d) طبعی اور کیمیائی

سوال نمبر 10- درج ذیل میں سے کون سی دو چیزیں بجلی کے لیے کنڈکٹر ہے۔

(a) ایلومینیم اور لکڑی
(b) تانبا اور پلاسٹک
(c) لوہا اور پیتل
(d) لکڑی اور ربڑ

سوال نمبر 11- انڈس ڈولفن کی باقی ماندہ تعداد ہے۔

(a)1000
(b)1100
(c)1200
(d)1300

سوال نمبر 12- ذیل میں کونسی کیمیائی تبدیلی نہیں ہے۔

(a) لکڑی کا جلنا
(b) پانی کا برف بننا
(c) خوراک کا ہضم ہونا
(d) لوہے کو زنگ لگنا

سوال نمبر 13- لوہے کے زیادہ ذرات کس چیز میں موجود ہوتے ہیں۔

(a) چکنی مٹی
(b) گریول سوائل
(c) ریتلی مٹی
(d) لوم

سوال نمبر 14- اپنی خوراک تیار کرنے کے لیے پودوں کے پتے جذب کرتے ہیں۔

(a) منرلز
(b) آکسیجن
(c) بارش
(d) سورج کی روشنی

سوال نمبر 15-　ایک کمرے میں ایکو کو ختم کیا جا سکتا ہے۔

(a) دروازوں کو رنگ کرنے سے　(b) دیواروں کو رنگ کرنے سے

(c) پردوں کے استعمال سے　(d) بجلی کے پنکھوں کے استعمال سے

سوال نمبر 16-　کس میں سے آواز کا گزر نہیں ہو سکتا؟

(a) کمرہ　(b) چائے

(c) میز　(d) خلاء

سوال نمبر 17-　پکی ہوئی اوور ی کس میں تبدیل ہوتی ہے۔

(a) کون　(b) پھل

(c) اوویول　(d) بیج

سوال نمبر 18-　چلتی ہوئی بائیسائیکل کی حرکت کو آہستہ کرنے یا روکنے والی قوت ہے۔

(a) فرکشنل　(b) گریویٹیشنل

(c) میکینیکل　(d) الیکٹریکل

سوال نمبر 19-　کووا کے بیج ہوتے ہیں۔

(a) سخت اور بڑے　(b) سخت اور چھوٹے

(c) نرم اور چھوٹے　(d) نرم اور بڑے

سوال نمبر 20-　اگر پانی میں لوہے کا بُرادا ملا ہوا ہو تو ہم اس کو علیحدہ کرنے کے لیے استعمال کریں گے۔

(a) سیل　(b) کمپس

(c) میگنٹ　(d) بلب

سوال نمبر 21-　عصابی نظام کو بنانے والے اعضاء ہیں۔

(a) دماغ، اعصاب، مسلز　(b) دماغ، حرام مغز، اعصاب

(c) اعصاب، مسلز، خون کی نالیاں　(d) اعصاب، ہڈیاں، حرام مغز

سوال نمبر 22-　کار کا پہیہ گھمانے میں توانائی کی کون سی قسم استعمال ہوتی ہے؟

(a) الیکٹریکل　(b) حرارتی

(c) مکینیکل　(d) پوٹینشل

سوال نمبر 23-　طبعی تبدیلی کو ظاہر کرنے والے مختلف کام کون سے ہیں؟

(a) تیل کا جلنا اور آئس کریم کا پگھلنا

(b) دہی کا بننا اور چینی کا پانی میں حل ہونا

(c) بلب کا جلنا اور برف کا پگھلنا

(d) کوئلے کا جلنا اور لوہے کو زنگ لگنا

سوال نمبر 24- اگر کسی ایٹم میں الیکٹران کی تعداد سات ہو تو پروٹان کی تعداد ہوگی۔

(a) 5 (b) 7

(c) 9 (d) 11

سوال نمبر 25- جانداروں کی نشوونما کے لیے بہت زیادہ ضروری ہے۔

(a) توانائی (b) قوت

(c) طاقت (d) آرام

سوال نمبر 26- اگر سردی میں شیشے کی بوتل کا ڈھکنا نہ کھل رہا ہو تو اِسے کھولنے کے لیے آپ اِس کے ڈھکنے کو کچھ وقت کے لیے کس چیز میں ڈبوئیں گے۔

(a) ٹھنڈے پانی میں (b) تازے پانی میں

(c) گرم پانی میں (d) دُودھ میں

سوال نمبر 27- جانوروں کے ناپید ہونے کی وجہ نہیں ہے۔

(a) زیادہ بارشیں (b) زیادہ شکار

(c) پولیوشن (d) شہروں کا پھیلاؤ

سوال نمبر 28- زمین کے میگنٹ پول کی تعداد ہے۔

(a) ایک (b) دو

(c) تین (d) چار

سوال نمبر 29- زمین کا زیادہ حصہ کس سے ڈھکا ہوا ہے۔

(a) عمارتوں (b) جنگلات

(c) انسانوں (d) پانی

سوال نمبر 30- حرارت کا موصل ہے۔

(a) تانبا (b) لوہا

(c) پلاسٹک (d) چاندی